CCPS An AIChE Technology Alliance
Center for Chemical Process Safety
www.aiche.org/ccps

Process Safety Beacon

http://www.aiche.org/CCPS/Publications/Beacon/index.aspx
Messages for Manufacturing Personnel

This issue sponsored by
ioMosaic
www.iomosaic.com

اپریل 2018

# ممکنہ حادثے کی زد میں ہونے کا احساس

ممکنہ خطرے کا احساس قائم رکھنا کسی بھی اچھی سیفٹی کلچر کا لازمی جزو ہے۔ ''ممکنہ خطرات کا احساس قائم رکھنا'' سے کیا مراد ہے؟ اس سے مراد ہے کہ پلانٹ پہ موجود تمام افراد:

> پروسس اور میٹیریل سے متعلقہ تمام خطرات سے باخوبی واقف ہیں۔

> ان تمام نخائص کے بارے میں باخوبی چوکس ہی ہیں جو کسی بھی بڑے حادثے کا پیش خیمہ بن سکتے ہیں۔ نیر مس کو رپورٹ کرنا بھی ان میں شمار کیا جاتا ہے (مارچ 2018، بیکن)


> گزشتہ عرصے میں اچھی سیفٹی پرفارمنس کی بنیاد پہ مطمئن ہونے سے گریز کرتے ہیں۔

15 اپریل 1912 (ٹھیک 106 سال پہلے اسی مہینے میں) بحری جہاز ٹائٹینک بحیرہ اوقیانوس میں برفانی چٹان سے ٹکرایا اور حادثے کے بعد 3 سے کم گھنٹوں میں ڈوب گیا جو کہ 1500 سے زیادہ جانوں کے نقصان کا باعث بنا۔ ٹائیٹینک کے ڈیزائن اور آپریشن میں ''ممکنہ حادثے کا احساس قائم رکھنا'' میں ناکامی کی کئی مثالیں ملتی ہیں۔ جیسے کہ:

> بحری جہاز کے بارے میں اخز کیا گیا کہ یہ ڈوب نہیں سکتا، جو کہ ایک نازک نوعیت کے برے فیصلے کا باعث بنا۔ مثلاً جہاز کے بڑے تختے سے پہلے واٹر ٹائٹ (پان روک) بلک ہیڈ کے زریعے دو تختوں (ڈیک) کو بلاک کیا گیا تھا۔ لائف بوٹس کو ''غیر ضروری'' شمار کیا گیا چنانچہ تعداد کم کر کے 64 سے 16 کر دی گئی جو کہ تمام مسافروں اور عملے کے لئے ناکافی تھیں۔

> جہاز کا کپتان اپنی سمندری صلاحیتوں پر عبور اور جہاز کے ناقابل تشہیر ہونے پر حد سے زیادہ پر اعتماد تھا۔

جہاز تیز رفتار پر تیر رہا تھا حالانکہ اس کے راستے میں برف کے ٹکرے بہہ رہے تھے۔ باقی بحری جہاز برفانی تودوں سے خبردار کر چکے تھے مگر اس کے باوجود رفتار کم کرنے کا کوئی حکم نہ دیا گیا۔










## کیا آپ جانتے ہیں؟

پروسس انڈسٹری میں حادثات ہونے کی ایک وجہ ممکنہ خطرے کو جانچ میں ناکامی ہے۔ مثلاً، 1984 دسمبر میں زہریلی گیس (میتھایل آیسوسائنیٹ) کا بھوپال انڈیا میں اخراج ہزاروں ہلاکتوں کا سبب بنا۔

حادثے کی تحقیقات سے معلوم ہو کہ کئی اہم سیفٹی سسٹم کچھ عرصے سے کام نہیں کر رہے تھے۔

> ایک وینٹ گیس سکربر اور فلیر ٹاور کام نہیں کر رہے تھے۔

> میتھایل آیسوسائنیٹ کو ذخیرہ کرنے کے ٹینک کا ریفریجریشن سسٹم بے کار پڑا تھا۔

> پائپ کے بلائنڈ، جو کہ پانی کو ملاوٹ سے بچا سکتا تھا جس کے باعث حادثے کا آغاز ہوا، وہ بھی نصب نہیں کئے گئے تھے۔

## آپ کیا کر سکتے ہیں؟

> اپنے پروسس اور میٹیریل سے وابستہ خطرے کہ اندیشے کو سمجھئے۔ یہ جانیں کے بدترین صورتحال میں کیا ہو سکتا ہے اور اس سے بچنے کے لئے کیا سیفٹی پروسیجرز اور سسٹم کام کر رہے ہیں۔ یہ سمجھے کہ آپ پر یقین ہو کے وہ سسٹم اور پروسیجر صحیح کام کر رہے ہیں، اور اس میں کمی نظر آنے کی صورت میں مینجمنٹ کو مطلع کریں۔

> ہرگز نہ سوچیے ''یہ یہاں نہیں ہو سکتا'' یا ''یہ میرے ساتھ نہیں ہو سکتا''۔ کیونکہ یہ ہو سکتا ہے

> ہر ایک کی یہ جاننے میں حوصلہ افزائی کریں کے بدترین صورتحال پیش آسکتی ہیں اور یہ ابھی اسی وقت بھی ہو سکتا ہے۔ سمجھیے کہ اس سے بچنے کہ لئے آپ کیا کر سکتے ہیں۔ اگر ایسا ہو جائے تو کیا کرنا ہے، اور ایمرجنسی رسپانس پروسیجر پر عمل کرنے کے لئے ہمیشہ تیار رہیں۔

> آپ کے پلانٹ پر پیش آنے والی ممکنہ بدترین صورتحال کے علاوہ حادثے کے سلسلے کے ممکنہ اثرات کو بھی جانیئے۔

**''آپ اپنے حساب کتاب سے زندہ اژدہے کو نظر انداز نہیں کر سکتے، اگر آپ اژدہے کے نزدیک رہائش پزیر ہیں'' (جے۔ آر۔ آر ٹولکین، دی ہابٹ)**

©AIChE 2018. All rights reserved. Reproduction for non-commercial, educational purposes is encouraged. However, reproduction for any commercial purpose without express written consent of AIChE is strictly prohibited. Contact us at ccps_beacon@aiche.org or 646-495-1371.

Translated by: Sara Sultan & Usman Butt
(Fatima Fertilizers Company Ltd.)

The Beacon is usually available in Afrikaans, Arabic, Catalan, Chinese, Czech, Danish, Dutch, English, Filipino, French, German, Greek, Gujarati, Hebrew, Hindi, Hungarian, Indonesian, Italian, Japanese, Korean, Malay, Marathi, Mongolian, Persian (Farsi), Polish, Portuguese, Romanian, Russian, Spanish, Swedish, Telugu, Thai, Turkish, Urdu, and Vietnamese.